شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

08 ستمبر 2023ء

پریس ریلیز

سخت پابندیوں کے باوجود افغانستان کی معیشت کا مضبوط ہو جانا کسی معجزہ سے کم نہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سخت پابندیوں کے باوجود افغانستان کی معیشت کا مضبوط ہو جانا کسی معجزہ سے کم نہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ کی سرکردگی میں طاغوتی قوتوں کے خلاف 20 سالہ جہاد کے نتیجہ میں جب اللہ تعالیٰ نے 15 اگست 2021ء کو افغان طالبان کو فتح عطا فرمائی اور افغان طالبان افغانستان میں حکومت قائم کرنے میں کامیاب ہو گئے تو دنیا بھر کے معاشی ماہرین کا کہنا تھا کہ افغانستان کی حکومت اوّل تو مغرب اور متمول اقوام کی محتاج ہو گی و گرنہ جلد معاشی اور سیاسی سطح پر ناکام ہو جائے گی۔ پھر یہ کہ افغانستان کے 9 ارب ڈالر کے وہ مالی وسائل جو امریکہ میں موجود تھے اُنہیں منجمد کر دیا گیا۔ افغانستان کو ہر حربہ سے بین الاقوامی سطح پر تنہا کرنے کے لیے مختلف اقدامات اُٹھائے گئے اور افغان حکومت کو گرانے کے لیے طرح طرح کی سازشیں کی گئیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انتہائی نامساعد حالات کے باوجود افغان طالبان کی حکومت نے اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنے ملک میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کو قائم کرنے کی سعی جاری رکھی۔ آج ورلڈ بینک اپنی تازہ رپورٹ میں یہ اعتراف کرنے پر مجبور ہے کہ افغانستان کی معیشت کے مختلف اشاریوں میں بڑے پیمانے پر بہتری آئی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم افغانستان کی حکومت کو معیشت کی اس بحالی پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ دوسری طرف پاکستان کے لیے سوچنے کا مقام ہے کہ اسلام کی بنیاد پر قائم ہونے والے ایٹمی ملک کی معیشت کی یہ زبوں حالی کیوں ہے۔ کرنسی کی قدر، مہنگائی اور دیگر کئی معاشی اشاریوں میں ہمارا معاملہ افغانستان سے بھی بدتر ہو چکا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کو افغان حکومت کی کامیابی سے سبق حاصل کرنا چاہیے کہ جب اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ کے لیے عزمِ مصمم کے ساتھ اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے ملکی مفاد اور عوام الناس کی فلاح و بہبود کے لیے پالیسیاں اپنائی جائیں تو اللہ کی مدد شامل حال ہوتی ہے اور تب ہی مشکل حالات کے گرداب سے نکلا جا سکتا ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 08 September 2023

"It is nothing short of a miracle that the economy of Afghanistan has stabilized despite stringent sanctions."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "It is nothing short of a miracle that the economy of Afghanistan has stabilized despite stringent sanctions."

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that after successfully waging a mighty Jihad against US and other malevolent forces for 20 years, when the Afghan Taliban assumed power on 5 August 2021, economic analysts from around the world predicted that the Afghan Taliban regime would either have to become totally dependent on the US and the affluent countries of the world or else face complete and immediate political and economic failure. Moreover, the US froze reserves of the Afghan Central Bank worth 9 billion dollars, parked in USA. Various ploys were used to isolate Afghanistan internationally and numerous conspiracies hatched to overthrow the Afghan Taliban regime. The truth is that despite facing extremely testing circumstances, the Afghan Taliban remained steadfast in their faith in Allah *(SWT)* and continued progress towards enforcing the Islamic system of collective justice in their country. Today, the latest report by the World Bank, has acknowledged the fact that the economy of Afghanistan has shown recovery as shown by most economic indicators. The Ameer of Tanzeem e Islami congratulated the government of Afghanistan on the revival of their economy. He added that Pakistan should reflect that how come the economy of our country, a nuclear power created on the basis of Islam, is at the brink of disaster and lagging behind Afghanistan in currency value, inflation and many other economic indicators. The Ameer concluded by asserting that we can learn from the success of the Afghan government that when an earnest effort is made to enforce the Islamic system of collective social justice and, by having steadfast faith in Allah *(SWT)* alone, when policies are made in national interest and for the benefit of the masses, then the help of Allah *(SWT)* arrives and only then can we overcome the challenging circumstances facing us today.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan